© rasailojaraid.com

الاستاذ عبداللہ الداہی
مدیر اخبار العالم الاسلامی۔ مکہ

عربی سے ترجمہ
ادارۂ الحق

# مکہ کانفرنس کی قرارداد، قادیانیت

اور

## مسلمانوں کا فریضہ

### سعودی عرب کے مشہور ہفت روزہ کی اپیل

مکہ معظمہ سعودی عرب کے مشہور ہفت روزہ اخبار العالم الاسلامی کے ایڈیٹر جناب عبداللہ الداہی نے مورخہ ۲۱ اپریل ۱۹۷۴ء کے اداریہ میں کلمہ حق کے عنوان سے یہ ایمان افروز تبصرہ شائع کیا ہے:

دنیا بھر کی اسلامی تنظیموں کی کانفرنس منعقدہ مکہ مکرمہ کی سفارشات اور قراردادوں میں سے ایک قرارداد یہ بھی تھی کہ قادیانیوں کی جماعت کو کافر اور خارج از اسلام قرار دیا جائے۔

کانفرنس نے اس باطل مذہب کے خلاف مقابلہ کرنے اور امت مسلمہ کو اس باطل مذہب کی گمراہی اور خرافات سے بچنے کی دعوت دی۔

کانفرنس نے کہا کہ قادیانیت اسلام کے لئے ایک عظیم خطرہ ہے۔ "قادیانیت" دین کے خلاف دین کا لبادہ اوڑھ کر اسلحہ استعمال کرتی ہے۔ اور اپنی فاسد اغراض کے لئے اللہ تعالےٰ کے کلام، قرآن پاک تک کی تحریف کرتی ہے۔

کانفرنس نے واضح کیا کہ مرزا غلام احمد قادیانی نے نبی ہونے اور خاتم الانبیاء تک ہونے کا دعویٰ کیا اور یہ تمام مسلمانوں کے متفقہ عقیدہ کے خلاف ہے۔ تمام مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم آخری رسول اور پیغمبر ہیں۔ ان کے بعد تا قیامت کوئی نبی اور پیغمبر نہیں آئے گا۔ اور اس قادیانی (غلام احمد) نے جن تاویلوں سے کام لیا ہے۔ وہ سراسر باطل ہیں۔ اسی



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



طرح ان تمام دعووں کا جس کو اس قادیانی نے اپنی کتابوں اور خطبوں میں بار بار ذکر کیا ہے۔ دینِ حنیفت و دینِ اسلام سے کوئی تعلق نہیں رہتا۔ ایسے دعوے اس قادیانی کذاب اور اس کے پیروکاروں کو دائرۂ اسلام سے خارج کر دیتے ہیں۔

قادیانی ٹولہ اپنی باطل دعوت اور فاسقانہ و گمراہانہ چالوں سے اسلام اور سادہ لوح مسلمانوں کے ایمان کے لئے ایک عظیم خطرہ بن رہا ہے۔ اور وہ مسلمانوں کا شیرازہ بکھیرنے اور انہیں منتشر کرنے کا گھناؤنا کردار ادا کر رہا ہے۔

بیشک، قادیانی ٹولہ اسلام کے نام پر اسلام سے برسرپیکار ہے۔ اور دین اور شریعت کا نام لیکر اپنے باطل اور جھوٹے افکار پھیلانے کے لئے یہ حربہ استعمال کر رہا ہے۔ اس طرح وہ اپنے ناکارہ اور خبیث مقاصد کے لئے قرآن کریم کے مطالب اور معانی کی تحریف کر رہا ہے۔ اس طرح وہ منافقت کے تمام حربوں کے ساتھ مسلمانانِ اسلام کی صفوں میں داخل ہو کر مسلمانوں کو گمراہ کرنے کے منصوبہ پر عمل پیرا ہے۔

بدقسمتی سے ایشیا اور افریقہ کے بعض ممالک میں قادیانیت کا پرچار کرنے والے افراد موجود ہیں۔

قادیانیت کے دعوے معقولیت اور شرافت کے معیار سے گر چکے ہیں کہ وہ محض بہتان اور خرافات رہ گئے ہیں۔

اس لئے تمام مؤمنین اور اہلِ قلم حضرات پر واجب ہے کہ وہ قادیانیت کے باطل افکار کی تردید کریں۔ ان کے باطل دعووں اور فاسد عقائد اور اسلام اور اسلام کے نبی آخرالزمان کے متعلق زہر آلود سازشوں اور خطرات سے مسلمانوں کو آگاہ کریں۔

ہمیں علماء، خطباء کرام اور دعاۃ اسلام سے پوری امید ہے کہ اس باطل فرقہ اور اس قسم کے دیگر فاسق فرقوں کا ہر موقعہ پر سدِباب، اور قادیانیت زدہ افراد کی اصلاح کریں گے۔

(ترجمہ از اخبار العالم الاسلامی مکہ ۱۴ ربیع الثانی ۵ مئی ۱۹۷۴ء)

سنسر وغیرہ کی پابندیوں، موجودہ حالات اور بعض انتہائی ناگزیر دجوہات کی وجہ سے جولائی اگست کا شمارہ یکجا شائع کیا جا رہا ہے۔ ہم تمام قارئین سے معذرت خواہ ہیں جنہیں انتظار کی زحمت اٹھانی پڑتی ہے۔ اور حالات کے سازگار ہونے اور مشکلات پر قابو پانے کیلئے خلوصِ دل سے دعاؤں کے طلبگار بھی ہیں۔ (ادارہ)



© rasailojaraid.com